Maulana Azad National Urdu University
B.A. V Semester Examination, January 2023
BAUR502DST- Gair Afsanvi Adab
(غیرافسانوی ادب)

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، دوم، سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 01 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر: 1

(i) مرزا غالب نے اپنے استاد کا نام کیا بتایا ہے؟

(الف) عبدالواحد (ب) عبدالرزاق (ج) عبدالصمد (د) عبدالرحمٰن

(ii) کس خاکے کو اردو کا پہلا باضابطہ خاکہ قرار دیا جاتا ہے؟

(الف) کندن (ب) ڈپٹی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی

(ج) نام دیو مالی (د) گدڑی کا لال نور خاں

(iii) غالب کو حیوان ظریف کس نے کہا؟

(الف) حالی (ب) شبلی (ج) مالک رام (د) سرسید

(iv) قرۃ العین حیدر کے والد کا نام کیا ہے؟

(الف) سلطان حیدر (ب) حیدر بخش حیدری (ج) سجاد ظہیر (د) سجاد حیدر یلدرم

(v) ''میں نے مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا'' یہ قول کس کا ہے؟

(الف) مرزا غالب (ب) مولانا آزاد (ج) رشید احمد صدیقی (د) مہدی افادی

(vi) پطرس بخاری نے اپنے انشائیے لاہور کا جغرافیہ میں طلبا کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

(vii) انشائیہ 'ارہر کا کھیت' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) شفیق الرحمٰن (ب) مجتبیٰ حسین (ج) مشتاق احمد یوسفی (د) رشید احمد صدیقی

(viii) ''دستنبو'' کس نوعیت کی کتاب ہے؟

(الف) شعری مجموعہ (ب) روزنامچہ (ج) خطوط کا مجموعہ (د) خاندانِ تیموریہ کی تاریخ

(ix) سفرنامہ روم ومصروشام میں شبلی نعمانی نے بحری سفر کا آغاز کہاں سے کیا تھا؟

(الف) کالی کٹ (ب) کوچین (ج) ممبئی (د) چینائی

(x) فن خطابت کو سمجھانے کے لیے کس معروف ادیب نے ایک مضمون ''انداز خطابت'' کے عنوان سے لکھا ہے۔

(الف) عبدالحلیم شرر (ب) مولوی نذیر احمد (ج) رجب علی بیگ سرور (د) مرزا ہادی رسوا

حصہ دوم

2۔ قرۃ العین حیدر کی آپ بیتی کے حوالے سے ان کے حالات زندگی قلمبند کیجیے۔

3۔ خاکہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی پر گفتگو کیجیے۔

4۔ انشائیہ کسے کہتے ہیں۔اس کے فنی لوازمات پر اظہار خیال کیجیے۔

5۔ کرشن چندر کی رپورتاژ پودے پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

6۔ رشید احمد صدیقی کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

7۔ مضمون لکھنے کے لیے کن باتوں کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

8۔ سوانح اور خودنوشت کے مابین فرق کو وضاحت سے بیان کیجیے۔

9۔ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔

(الف) انداز خطابت (ب) ارہر کا کھیت (ج) خون بیش قیمت ہے (د) پودے

حصہ سوم

10۔ غالبؔ کی مکتوب نگاری کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

11۔ مرزا فرحت اللہ بیگ نے اپنے خاکے 'مولوی نذیر احمد کی کہانی کچھ ان کی کچھ میری زبانی' میں نذیر احمد کی خوبیوں کے ساتھ ساتھ ان کی خامیوں کو بھی بیان کیا ہے۔مثالوں سے واضح کیجیے۔

12۔ علامہ شبلی نعمانی نے سفرنامہ روم ومصروشام میں اپنے سفر کی روداد کس طرح قلمبند کیا ہے۔تفصیلی نوٹ لکھیے۔

13۔ مولانا الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری کا محاکمہ کیجیے۔

14۔ پطرس بخاری کے انشائیے لاہور کا جغرافیہ کے حوالے سے ان کی طنز ومزاح نگاری کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆